# رسالہ گنج الاسرار

از ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان

سندھ یونیورسٹی، حیدرآباد میں ایک مخطوطہ ہے جس کا نام سرورق اسطرح آتا ہے۔

"رسالہ شیخ الاسلام فریدالحق والدین قدس اللہ سرہ العزیز"

مخطوطے کے آغاز و اختتام کی عبارتوں میں یہ صراحت ہے کہ اس رسالہ کا نام گنج الاسرار ہے اور اس کے مصنف حضرت فریدالدین مسعود ابن سلیمان ابن ابی بکر ابن عمر صلاح (رحمھم اللہ) ہیں اس نام سے معاً یہ خیال آتا ہے کہ یہ مصنف غالباً حضرت بابا فرید گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ (م ۶۶۴ھ) ہوں گے۔ کیونکہ ان کا اسم گرامی بھی مسعود ابن سلیمان ہے لیکن عام تذکروں میں ان کا نسب نامہ اس طرح آتا ہے۔

شیخ فریدالدین مسعود ابن جمال الدین سلیمان ابن شیعب[1] ابن احمد شاہزادہ ابن خواجہ یوسف شہزادہ ابن شیخ محمد ابن شہاب الدین ابن شاہ احمد فرخ شاہ (بادشاہِ کابل) ......[2]

یعنی معلوم ہوا کہ باباصاحب علیہ الرحمہ کے اسلاف ہمارے مخطوطے کے مصنف کے اجداد

---

[1] شیخ شعیبؒ (فاروقی) کے صاحبزادے شیخ عبداللہؒ کی اولاد میں حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرہٗ ہیں

[2] یہ نسب نامہ خزینۃ الاصفیاء جواہر فریدیہ اور اورنیٹل کالج میگزین لاہور (فروری ۱۹۴۲ء صفحہ ۱۱۸) میں درج ہے۔

سے مختلف ہیں۔ مزید یہ کہ اسی رسالہ کا ایک نسخہ جو انڈیا آفس، لندن میں (بحوالہ فہرست مخطوطات جلد اوّل۔ صفحہ ۱۲ ۵ مخطوطہ نمبر ۲۸۰۲/۳) موجود ہے اس میں مخطوطے کا نام اس طرح آتا ہے۔

رسالہ باری در بیان وشرح معرفتِ دل و ماہیتِ آن "

اور مصنف کے نام کے آخر میں بخاری لفظ کا اضافہ ہے۔ اس لئے یہ بات اور واضح ہو جاتی ہے کہ بابا فرید گنج شکر علیہ الرحمہ اس رسالے کے مصنف نہیں ہیں۔

اسی رسالے کا ایک اور نسخہ برٹش میوزیم، لندن میں بھی موجود ہے اور وہاں کی فہرست جلد دوم (صفحہ ۸۶۲ ب۔ نمبر ۷) میں اس طرح ذکر آتا ہے کہ یہ رسالہ دراصل اس حدیث کی شرح میں ہے۔

لا یسعنی ارضی ولا سمائی ولکن یسعنی قلب عبدی المؤمن

مصنف کے حالات سوائے ان چند ناموں کے اور کچھ معلوم نہیں۔ البتہ گنج الاسرار۔ گنج العرش جیسی ترکیبیں (کہ ایک لفظ فارسی کا اور ایک عربی کا ہے) گیارھویں صدی ہجری سے پہلے ہمارے ملک میں نظر نہیں آتیں۔ پھر مصنف نے ماہیتہ قلب اور ذکر خفی کا جس انداز سے ذکر کیا ہے وہ زیادہ تر نقشبندیہ ہے اس لئے خیال ہوتا ہے کہ مصنف کا زمانہ غالباً غیر منقسم ہندوستان میں گیارھویں صدی ہجری کے بعد ہی رہا ہوگا۔ بہرحال یہ مفید اور نایاب رسالہ ہدیۂ ناظرین کیا جاتا ہے ساتھ ہی اردو ترجمہ بھی پیش کیا جاتا ہے۔

## رسالہ شیخ الاسلام فریدالحق والدین قدس اللہ سرہ العزیز

الحمد للہ رب العٰلمین والعاقبۃ للمتقین والصلوٰۃ علیٰ رسولہ محمد وآلہٖ اجمعین۔ وسلم تسلیما کثیراً کثیراً

درویش فرید مسعود سلیمان ابوبکر عمر صلاح عفر اللہ لہ ولوالدیہ کہ این رسالہ گنج الاسرار فارسی در بیان شرح معرفت دل و ماہیت آں در قلم آورد و بر چہار فصل بنا نہاد۔

فصل اوّل در معرفت دل۔ فصل دوم در پاس انفاس۔ فصل سوم در شرح دل۔

فصل چہارم در اظہار وحدانیت و آفرینش حضرت آدم صفی صلوٰۃ علیہ۔ فصل اول در معرفت دل۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حکایۃ عن اللہ تعالیٰ لا یسعنی ارضی ولا سمائی ولکن یسعنی قلب عبدی المؤمن۔

ازیں مراد وسعت دل بندۂ مومن است۔ معنی چناں باشد کہ حق تعالیٰ می فرماید نیست در خزانۂ قدرت من نہ اندر زمین ونہ اندر آسمان من مگر آنکہ در فراخ قدرتِ من دل بندۂ مومن است۔ اکنوں عزیز من اگر گویند دل پارۂ گوشت است بدیں فراخی آسمان وزمین یعنی وسعت دل مومن چوں راست آید گفت ہرگاہ کہ دل مومن بصلح آید۔ قال علیہ السلام ان فی جسد بنی آدم لمضغۃ اذا صلحت صلح بہا سائر الجسد الا وھی القلب واذا فسدت فسد بہا سائر الجسد۔ یعنی بہ درستی کہ در وجود بنی آدم پارۂ گوشت است چوں او صلاح یافتہ بداں جسد صلاح یابد وچوں او فساد یافتہ بداں جملہ جسد فساد یابد وآں دل است وصلاح دل حاصل نہ شد آنکہ تزکیہ وتصفیہ وتجلیہ نہ کند تزکیہ پاکی نفس است از اوصاف ذمیمہ۔ پس یقین باید دانست کہ نفس پاک نشود مگر از غایت ریاضت ومجاہدت وطاعت، تاگوشتہا وخونہا کم نہ شود واز کار بمغز استخواں رسد ومغز استخواں نیز بگدازد آں گاہ نفس پاک شود۔ بعدازاں بحکم حدیث رسول علیہ السلام کارکردہ شود۔ اتحبون الجنۃ مر البعض الغنم فنوا لمہ لو قد خلوھا ابدا حتی تکونوا کالبروۃ الغنی تتنزل من السما وذالک اما بالتوبۃ او بالعفوا وبمعنی حدۃ العذاب بقدر الجنایۃ

واصل ایں کم خواری وشب بیداری است وکم خواری وشب بیداری دست نہ دہد تاخشک نہ خورد کہ ہرچند کہ خشک می خورد نفس می کاہد وچوں کم خواری بقدر نیم سیر رسد گوشت اندام ہمہ بریزد وخونہا کم شود۔ عزیز من گرانی جوارح وسستی اندامہا در طاعت تا مادام است کہ گوشتِ اندام کم نہ شدہ است۔ ہرگاہ کہ گوشت وخون کم شد بعدازاں جوارح در طاعت سبک آید۔ آں گاہ ایں چنیں کم خواری وشب بیداری حاصل گردد۔ وہمگی طاقت بشری در نوافل بسیار صرف کند خاصتہ در شب چنانچہ حق تعالیٰ در قرآن مجید

می فرماید۔ ومن اللیل فتھجد بہ نافلۃ لک عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محموداً۔ چوں کار بہ استقامت پذیرد نفس پاک شود تزکیۂ این است۔ این با جذب صفات حاصل آید وحصول مقصود در تصفیۂ دل است تا ازاں گوہر دل پیدا آید ودل صاف نہ شود تا پاس انفاس نہ کنند۔

فصل دوم۔ در پاس انفاس ہر نفس کہ برآید وفرو نشیند مرید را باید کہ ذاکر باشد قالؑ علیہ السلام لکل شیءٍ مصقلۃٌ ومصقلۃ القلب ذکراللہ تعالیٰ۔ اکنوں عزیز من پاس انفاس ہر دو نوع است۔ نوع اوّل ذکر جلی۔ نوع دوم ذکر خفی۔ پس مرید را باید کہ در ابتدائے حال در پاس انفاس بذکر جلی مشغول باشد۔ ذکر جلی ذکر زبان است و در گفتن زبان مراطبیت نباید تا حضور حاصل شود واصل حضور آنست کہ زمان ومکان نفس حاصل آید زمان برآمدن نفس است ومکان فرو آمدن نفس است باید کہ برآمدن و فرو آمدن نفس از ذکراللہ تعالیٰ خالی نباشد۔ آنگاہ از کثرت ذکر جلی ذکر خفی حاصل آید پس سالک را ذکر خدائے عزّ وجل آنست کہ دریں بیست وچہار ساعت کہ در ہر ساعت ہزار نفس است ہمہ در طاعت گذارند۔ آنگاہ سالک راہِ خدائے تعالیٰ باشد۔ اکنوں عزیز من طاعت بر دو نوع است طاعتِ ظاہر وطاعت باطن اوّل حالِ مریداں طاعتِ ظاہری در پاس انفاس وبصوم وصلوٰۃ وکم خوردن وکم گفتن وکم خفتن وذکر زبان کردن است۔ فامّا طاعت باطن در پاس انفاس، ذکر خفی است۔ ساعتے ازاں ساعتہا بیست وچہار ساعت نفس را نگاہ دارد تا حدّ تنگی نفس رسد ودراں ہم ذاکر باشد۔ چوں کار از حدّ تنگی نفس بگذرد وطاقت بشری محو شود۔ ازیں چنیں اشتغال از تنگی انفاس باطن یک ساعت است کہ دراں ساعت تنگی نفس مدخل خطرات نیست۔ ایں بیست وچہار ساعت و بیست وچہار ہزار نفس کہ شباں روزاست۔ دریں ساعت درمی آید چنانچہ در خبر آمدہ قال النبی علیہ السلام الدنیا ساعۃٌ فاجعلھا طاعۃ وایں طاعتِ باطن در پاس انفاس بذکر خفی (است) کہ ایں ساعت بہترین ساعتہا است ودر خبر آمدہ است۔ قال علیہ السلام تفکر ساعۃ خیرٌ من عبادۃ ستین سنۃ۔ اے عزیز من مراد ایں تفکر

ساعت پاس انفاس راست، ہرگاہ کہ ساعتے از آں ساعتہا تفکر کند در پاس انفاس
در دم ذاکر باشد تا حدّ تنگی نفس رسد کہ ایں تصفیہ دل است و دل صاف نشود تا در او
وہم ذکر نباشد باید کہ نفس را بندد کہ حدّ تنگی نفس سخت تر است از آتش زیرا چہ
از آتش تنگی نفس پیچھلے کہ گرد دل است بگداز دو پردہ ہائے کہ فرو دینہ است
خشک شود و الخناس مثل کاہ خشک گردد و فرود پردہا نشستگاہ الخناس است
کہ وے بر سر سویدائے دل نشستہ است کما قال اللہ تعالیٰ۔ الخناس الذی
یوسوس فی صدور الناس من الجنۃ والناس برائے دفع ملعون ساعۃً فساعۃً
بدوام پاس انفاس بذکر مشغول باشد۔ ایں محاربہ کردن است با الخناس و بر لشکر او و سوار
اے عزیز من جہاد اکبر آنست کہ در خبر آمدہ است۔ قال علیہ السلام رجعنا من الجھاد
الاصغر الی الجھاد الاکبر مراد پاس انفاس است بذکر خفی۔ ساعتے از ساعتہا
کہ گفتہ شدہ است نفس را بندد تا حدّ تنگی نفس رسد (و) در او ہم ذاکر باشد۔ قال اللہ
تعالیٰ۔ ادعوا ربکم تضرعاً وخفیۃً۔ چون انکار حدّ تنگی نفس بگذرد از طاقت
بشری محو شد۔ پس عمودے از نور جلی حضرت قدس در باطن بندہ فرود آید۔ ایں جاذب
ذات حاصل آید۔ نفس صفت دل گیرد و دل صفت روح گیرد۔ از یں روح مراد گنج دل است
کہ در آں گنج ہفت دو ہر گنج گوہر است۔ ایں نور تجلی ایں گوہر ہا را جذب کند و روشن
گرداند۔ الخناس و خطرات و جمیع اوصاف ذمیمہ دفع گردد۔

حکایت عن اللہ تعالیٰ۔ یا عبدی انا عند ظنک وانا معک اذا دعوتنی
ادعوک۔ یعنی اے بندہ من۔ من نزدیک گمان توام۔ حال اینست کہ من با توام
چوں مرا بخوانی من ترا بخوانم۔ یعنی بندہ از خدائے ہم خدائے را خواہد اکنوں عزیز من
طاعت باطن اینست۔ پس مرید را باید کہ برائے تصفیۂ دل دم بدم از یاد حق تعالیٰ
(غافل ؟) نباشد۔ زیرا چہ ایں دم ہائے حیواۃ را دایں قالب فانی شمارے نہادہ است
ہر یک نفس کہ می رود از عمر گوہر یست ناکہاں را خرج ملک، ہر دو عالم بہا بود۔
مپسند کیں خزانہ دہی رائیگاں بباد وانگہ روی بخاک تہی دست و بے نوا

تتمہ انفاس خلاصہ وریاد حق صرف تا آں دم پیس کہ ایمان بر لبستہ آں دم است وتا ایمان از دم مرگ بسلامت برد۔ زیرا چہ وجود شخص در عمر گذشتہ سالہا بایں دمہا جیواۃ بمجتہائے فانی الفت گرفتہ بود از برائے قطع مجتہائے فانی دم بہ دم از یاد حق تعالیٰ خالی نباشد و یادداشت حق در او ہم ذاکر بودن ست در پاس انفاس قال اللہ تعالیٰ :- فاذکرونی اذکرکم - چوں بندہ ایں چنیں در یادداشت حق شود خود را فانی بشمرد۔ حضرت عزت را باقی۔ زہے باقی کہ در قالب فانی چوں سالک در حد تنگی نفس دریابد زمان اول ارادہ است ذاکر در برآمدن انفاس بذکر جلی ہم مواظبت نماید تا در دل بکشاید و دل را دو درہ است یکے بالا و دوم فرود برآمدن انفاس از در بالا (و) آں کشادہ نگردد مگر از کثرت ذکر جلی۔

فصل سوم در شرح دل۔ عزیز من، صورت دل بمثل گل نیلوفر است دو رخ دارد۔ و ہر دو رخ الخناس فرود گرا ست بمثل عنکبوت تنہ کردہ و بافتہ و پردہ بافرو ہشتہ۔ قرارگاہ او فرود پردہا ست و دل نیز پردہا دارد بمثل پردہائے گل نیلوفر (کہ) در پردہائے الخناس است۔ پس سالک راہ خدائے تعالیٰ در زمان برآمدن نفس باید کہ بذکر جلی مشغول باشد۔ از کثرت ذکر جلی در بالا آئینہ دل کشادہ شود و درون دل ہفت پہلو است و در پہلوئے جائے گوہر است۔ اوّل گوہر ذکر است۔ دوم گوہر عشق۔ سوم گوہر محبت۔ چہارم گوہر سر است۔ پنجم گوہر روح است ششم گوہر معرفت است۔ ہفتم گوہر فقر است۔ دل را سبب ایں معنی گنج خوانند والخناس موکل است۔ بریں گنج عزیز من درون دل غلیظ است۔ پاک نشود مگر بپاس انفاس و پاس انفاس ہر دو نوع است۔ یکے ذکر جلی، دوم ذکر خفی۔ درون و بیرون دل بعلت بسیار غلیظ شدہ است۔ از غذا ہائے تا وجہ و مجتہائے فانی و صورت الخناس مثل صورت اژدہا بینی کہ خرطوم دارد۔ سر خرطوم خارے پر زہر گاہ کہ مرید طعام نا وجہ می خورد الخناس ذوق می گیرد و خرطوم خار دار گرد دل می گرداند و زہر خار می کند۔ خطرات و مجتہائے فانی و جملہ اوصاف ذمیمہ از آنجا متولد می شود۔ پس عزیز من حصول تصفیہ دل در ملت

اکل است واصل قلتِ اکل، خشک خوردن است و پاس انفاس۔ تا صورت الخناس ضعیف شود۔ و پیچہائے غلیظ بگدازد و پردہ ہا گرد فرود بینہ است خشک شود۔ ودر پاس انفاس بذکر جلی مشغول شود۔ بعدازاں در بالا آئینہ دل کشادہ گردد نوع دوم در پاس انفاس ذکر خفی است کہ نفس را بند دو در وہم ذاکر باشد تا کار حدِ تنگی نفس رسد۔ پردھا کہ درون دل کشادہ گردد و درون دل غلیظی کہ ہست بردد۔ و ہر ہفت پہلوکہ اندرون دل است جائے گوہر، سالہا بسیار از غذاہائے ناوجہ کہ ہوائے نفس تصرف کردہ است از شومتِ آں اثر گوہر ہا سیاہ مکدر شدہ است و از وصف خود بے وصف گشتہ۔ ہرگاہ کہ سالک ساعتے از ساعتہا کہ گفتہ امر پاس انفاس کند بذکر خفی و نفس را بند د تا از حرارت تنگی نفس کدر ہا کہ درون ہفت پہلو است مصفا شود وآں ہر ہفت گوہر بر صفت خود باز آید و در فرود بینہ سخت تنگی است و پردہا در فرودبینہ را سوراخ مثل باریک سوزن است۔ چندانی نفس بند د تا نفس ازیں سوراخ بیروں آید قال اللہ تعالیٰ حتیٰ یلج الجمل فی سم الخیاط۔ ایں سوراخ در فرودبینہ کہ سالہامی گذشتہ مسدود شدہ است کشادہ نگردد، کشادہ نگردد، کشادہ نگردد، تا تزکیہ وتصفیہ وتجلیہ نکند۔ عزیز من ایں عمر از برائے حصول سہ مراتب است، شریعت وطریقت وحقیقت حصول شریعت در تزکیہ نفس است بہ کم خوردن ونوافل بسیار کردن، خاصہ در شب، وحصول طریقت در تصفیہ دل است در صوم و پاس انفاس بذکر جلی وحصول حقیقت در تجلیہ روح است بداشتن روزہا طے پاس انفاس بذکر خفی بعدازاں در فرودبینہ دل کشادہ گردد تجلیہ آں جا حاصل شود قال اللہ تعالیٰ انا جلیس من ذکرنی۔ اینجا درست آید۔ حق تعالیٰ می فرماید من ہم نشیں آں کم کہ مرا یاد کند۔ حق تعالیٰ بندہ را بوصف نزدیک باشد و بوصف بودن آنست کہ ہفت گوہر کہ درون گنج است روشن شود، اول وصف گوہر ذکر ظاہر شود وصف وجود گوہر ذکر آنست کہ در موجود منفرد گرداند یا عبدی انا عندظنک و انا معک اذا دعوتنی ذکراً کثیراً ایں جا حاصل شود من احب شیئا

اکثر ذکرہ وہم ذاکر بود۔ یا ایھا الذین آمنوا اذکروا اللہ ذکرا کثیرا۔ بیت

باش اے ذاکر مدام از تفرقہ دور ۔۔۔ تاں نشوی بذکر ظاہر مغرور
نفس و دل و روح تا نگردند یکے ۔۔۔ واحد نشود ذاکر و ذکر و مذکور

بعدازاں وصف گوہر عشق ظاہر گردد و وصف گوہر عشق آنست کہ ہم شوق و اشتیاق و درد و اندوہ و جوانی با خواست مولیٰ در دو پدید آید۔ بعدازاں وصفِ گوہر محبت ظاہر گردد۔ وصف گوہر محبت آنست کہ دل خالی باشد کہ ہمہ حال رضائے او جوید و خدائے عزوجل از بندہ نیز راضی باشد۔ بعدازاں وصف گوہر سر ظاہر گردد و وصف گوہر سر آنست کہ آگاہی از واردات مواہب الٰہی بندہ را می دہد۔ بعدازاں وصف گوہر روح ظاہر شود و وصف گوہر روح آنست کہ ہیچ ساعتے از آں ساعتہا کہ گفتہ شدہ است از طاعتہائے حق تعالیٰ خالی نباشد بعدازاں وصف گوہر معرفت ظاہر گردد و وصف گوہر معرفت آنست کہ ہرچہ بیند حق بیند و ہرچہ شنود حق شنود و ہرچہ گوید حق گوید و ہرچہ می رود حق می رود۔ بعدازاں وصف گوہرِ فقر پیدا شود و وصف گوہر فقر آنست کہ از کل اشیا مستغنی باشد۔

فصل چہارم۔ در اظہار وحدانیت و آفرینش مہتر آدم صلوٰۃ اللہ علیہ۔ قال اللہ تعالیٰ۔ کنت کنزاً مخفیاً فاحببت ان اعرف فخلقت الخلق لاعرف۔ یعنی گنج پنہاں بودم۔ دوست داشتم کہ شناختہ شوم پس بیافریدم خلق را تا شناختہ شوم۔ و ایں گنج دل است القلب بیت الرب ہے۔ ایں جا درست آید۔ اکنوں تحقیق دل کہ حرم خاص خدا نیست و حرم خاص اصل صورت دل است و اصل صورت دل پارہ گوشت نیست بلکہ صورت دل گوہر است و اصل گوہرِ دل نور است و ایں نور از نور خدا ایست عزوجل۔ چنانچہ در خبر آمدہ است۔ قال علیہ السلام۔ انا من نور اللہ والمومنون من نوری قال اللہ تعالیٰ اللہ نور السموات والارض...... اے منور ھما یعنی روشن کنندہ آسمان و زمین یعنی راہ نمایندہ اہل آسمان و زمین و ہادی اھلھا اگر خدائے عزوجل را نور گویم وصف عرض لازم آید و آں جائز نیست و او عرض و جسم و جوہر

نیست۔ خدائے تعالیٰ روشن کنندۂ آسمانہائے و زمینہا است۔ اے عزیز من از این مراد روشنی است۔ بشنو کہ چگونہ روشن گردانیدہ است۔ حضرت عزت جل جلالہ پیش از خلقت خلق واحد و احد و فرد و صمد و حی و قیوم بودہ ہست و ارادت و مشیت خواست کہ واحدیت خود را آشکار کند۔

اوّل نور روح محمد را صلی اللہ علیہ وسلم بیافرید۔ پس نورِ دل را بیافرید و این نورِ دل نور خدائے است۔ پیغامبر فرمود صلی اللہ علیہ وسلم انا من نور اللہ والمؤمنون من نوری معنی چناں باشد کہ من از نور خدائم و مومناں از نور من و آفرینش این نور دل سہ لک ہشتاد ہزار سال فراخی بود۔ حکایت من اللہ تعالیٰ لا یسعنی ارضی ولا سمائی ولکن یسعنی قلب عبدی المؤمن۔

مراد ازیں وسعت نور دل است چنانچہ حق تعالیٰ می فرماید، نیست در فراخی قدرت من نہ زمین و نہ آسمان مگر آنکہ در فراخیٔ قدرت من دل بندۂ مومن و آں نور دل است۔ حضرت عزت جل جلالہ این نور دل را صد ہزار سال در قبضۂ قدرت خود پرورش می داد و کلمۂ محبت می شنوانید یا عبدی انت عشقی و محبی و انا عشق لک و محب لک۔ ای بندۂ من تو عاشق منی و محب منی و من نیز عاشق توام و محب توام و دریں نہ صد ہزار سال نظر کرامت و کشف انوار جمال تجلی می کرد۔ بعد ازاں نہ صد ہزار سال از قبضۂ قدرت جدا گردانید آں نور دل التماس کرد الٰہی سیدی بندہ را طاقت فراق نیست چندیں ہزار سال بعشق و محبت پرورش دادی۔ اکنوں جدا نتوانم شد فرمان حضرت عزت جل جلالہ شد کہ ای بندۂ من ترا برخواست حق کارے نیست۔ ما ترا برائے اظہار وحدانیت خود آفریدہ ایم۔ بعد ازاں نور دل از درد فراق نہ صد ہزار سال دیگر در عالم تحیر مستغرق ماند بعد ازاں در جدائی و از مرحمت خدائی چنداں آب از دیدہ بارید کہ دریائے گشت آں را بحر الحیوان گویند۔ حضرت عزت جل جلالہ تازیانۂ قہر، نور دل را بزد از غلبۂ قہر بادآتش پیدا شد و از سختی تازیانۂ قہر دو نور آتشیں شد۔

یکے نورِ عزازیل، دوم نور گندم بعد ازاں این نور دل نہ صد ہزار سال چوں چرخ می گشت

داجزائے نورِ دل ذرہ ذرہ می شد۔ بعدازاں اجزا دلازی نوردل را حضرت عزت سہ قسم گردانید۔

قسم اوّل سرہا آفرید۔ وازقسم دوم جانہا آفرید وازقسم سوم نورہا آفرید۔ بعدازاں نوردل را منکسر گردانید۔ انا عند منکسرۃ القلوب لاجلی۔ حضرت عزت جل وعلا می فرماید کہ من نزدیک شکستہ دلانم۔ بعدازاں حق تعالیٰ بقیہ اجزائے نورگوہردل را ہفصد ہزار سال دیگر بنظر حکمت پرورش داد۔ بعدازاں از بقیہ اجزائے نورگوہردل این دہ گوہر را آفرید۔ اوّل گوہر آسمانہا و زمینہا۔ دوم گوہر عرش۔ سوم گوہر کرسی چہارم گوہر روح۔ پنجم گوہر قلم۔ ششم گوہر بیت المعمور۔ ہفتم گوہر بہشت ہشتم گوہر دوزخ نہم گوہر شمس۔ دہم گوہر قمر آفرید۔ کارعالم حق جلّ وعلا این دہ گوہر از گوہر دل آفریدہ است چنانچہ درخبر آمدہ است۔ قلب المومن اکبر من العرش واوسع من الکرسی معنی چناں باشد کہ دل مومن بزرگ تر از عرش وفراخ تر از کرسی است آں گوہر دل را از جہت دو معنی اکبر خوانند یکے آنکہ این دہ گوہر نتیجۂ گوہر دل اند۔ دوم آنکہ حضرتِ عزت این دو گوہر را (دل) گردانیدہ است دورین گنج ہفت گنج است ودرہر گنج گوہر نہادہ است۔

اول گوہر عشق۔ دوم گوہر محبت۔ سوم گوہر سر۔ چہارم گوہر روح۔ پنجم گوہر معرفت۔ ششم گوہر فقر۔ ہفتم گوہر ذکر است۔ حق جل وعلا این گنج دل را چند ہزار سال در عالم غیب نہادہ است تاکہ خاک آدم صلوات اللہ علیہ جمع گردانید وخمیر کرد چنانچہ درخبر آمدہ است کہ خمرتُ طینۃ آدم بیدی اربعین صباحاً۔

حق تعالیٰ خمیر کرد گل آدم را بید قدرتِ خود چہل صباح بعدازاں ترکیب قالب بجوف وطاق سینہ نہاد واین گنج در طاق سینہ داشت وجملہ اسمار اوراعلوم گردانید

وَعَلَّمَ آدَمَ الْاَسْمَاءَ کُلَّھَا

# ترجمہ رسالہ گنج الاسرار

الحمد للہ رب العالمین والعاقبۃ للمتقین والصلوٰۃ علیٰ رسولہ محمد وآلہ اجمعین وسلم تسلیماً کثیراً۔

فارسی کا یہ رسالہ گنج الاسرار دل کی معرفت اور اس کی ماہیت کی شرح کے بیان ہیں، درویش فرید مسعود سلیمان ابوبکر عمر صلاح، غفر اللہ لہ' ولوالدیہ' نے قلم بند کیا اور چار فصلوں پر اس کی بنیاد رکھی۔ پہلی فصل دل کی معرفت کے ذکر میں دوسری فصل پاس انفاس کے بیان میں تیسری فصل دل کی تشریح میں چوتھی فصل وحدانیت اور حضرت آدم صفی اللہ علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی پیدائش کے بارے ہیں۔

فصل اوّل معرفت دل کے بارے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث قدسی میں اللہ تعالیٰ کا یہ قول نقل فرمایا ہے کہ لا یسعنی ارضی ولا سمائی ولکن یسعنی قلب عبدی المومن۔

میری سمائی کے لئے میری زمین اور میرے آسمان کی وسعت کافی نہیں البتہ میرے مومن بندے کا دل میرے سمانے کے لئے کافی ہے۔ اس کا مقصد مومن بندے کے دل کی وسعت جتانا ہے مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ آسمان و زمین میں اتنی فراخی نہیں ہے جتنی کہ بندۂ مومن کے دل میں ہے۔ اے میرے عزیز! اب اگر یہ کہیں کہ زمین و آسمان کی اس بے پایانی کے مقابلے میں دل گوشت کا ایک ٹکڑا ہے یعنی قلب مومن کی وسعت کس طرح صحیح ثابت ہوسکتی ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ چونکہ مومن کا دل صالح ہوتا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بنی آدم کے جسم میں ایک لوتھڑا ہے جب وہ ٹھیک ہوتا ہے تو اس کی وجہ سے پورا جسم ٹھیک رہتا ہے آگاہ کہ وہ یہی دل ہے اور جب وہ بگڑ جاتا ہے تو اس کی وجہ سے پورا جسم بگڑ جاتا ہے۔"

مطلب یہ کہ بنی آدم کے وجود میں گوشت کا ایک ٹکڑا ہے جب تک وہ ٹھیک رہتا جسم بھی ٹھیک رہتا ہے۔ جب وہ خراب ہوجاتا ہے تو جسم بھی خراب ہوجاتا ہے اور وہ ٹکڑا

دل ہے اور دل کی صلاح (درستی) تزکیہ (پاک کرنے) تصفیہ (صاف کرنے) اور تجلیہ (جلا دینے) سے حاصل ہوتی ہے۔ تزکیہ نام ہے نفس کو بری باتوں سے پاک رکھنے کا بس یقین جاننا چاہیئے کہ نفس اس وقت تک پاک نہیں ہوگا جب تک کہ اطاعت مجاہدہ اور ریاضت کی کثرت سے گوشت اور خون کم نہ ہو جائے۔ اور بات ہڈی کے گودے تک پہنچ جائے۔ اور ہڈی کا گودا (بھی) پگھل جائے۔ تب کہیں نفس پاک ہوگا۔ اس کے بعد جاکر کہیں رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث پر عمل ہوگا۔ جس میں آپ نے فرمایا ہے کیا کیا تم لوگوں نے جنت کو بکریوں کی چراگاہیں سمجھ رکھا ہے خدا کی قسم تم اس میں کبھی نہ داخل ہو سکو گے تاوقتیکہ بدلی کے ان اونٹوں کی طرح نہ ہو جاؤ جو کہ آسمان سے نازل ہوتے ہیں اور یہ بات یا تو توبہ سے حاصل ہو سکتی ہے یا عفو سے یا گناہ کے برابر عذاب کی مدت گذرنے سے اور اس کی بنیاد کم کھانا اور رات کا جاگنا ہے۔ (لیکن) کم خوری اور شب بیداری حاصل ہوتی ہے روکھا سوکھا کھانے سے روکھا سوکھا کھانے سے نفس کمزور ہو جاتا ہے اور جب کم خوری بقدر نیم سیری (آدھا پیٹ) رہ جاتی ہے تو جسم کا گوشت گل جاتا ہے اور خون کم ہو جاتا ہے اے میرے عزیز! اطاعت اور عبادت میں بدن اور اعضا وجوارح کی سستی اس وقت تک قائم رہتی ہے جب تک کہ جسم کا گوشت کم نہیں ہو جاتا۔

گوشت اور خون گھٹ جانے کے بعد اعضا وجوارح اطاعت میں چست ہو جاتے ہیں اس وقت اس قدر کم خوری اور شب بیداری حاصل ہو جاتی ہے کہ تمام انسانی طاقت کثرت نوافل میں صرف کی جائے۔ خاص کر رات میں۔ جیسا کہ حق تعالیٰ سبحانہ قرآن مجید میں فرماتے ہیں۔

ومن اللیل فتھجد بہ نافلۃ لک عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محمودا (اور رات کے بعض حصے تہجد میں گذارو کہ تمہارے لئے شئی زائد ہے ممکن ہے تم کو تمہارا پروردگار مقام محمود پر فائز کر دے) جب عمل استواری سے ہمکنار ہوتا ہے تو نفس پاک ہو جاتا ہے اور اسی کو تزکیہ کہتے ہیں۔ یہاں اس مقام پر صفات (الٰہی) کو جذب کرنے کی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے۔ اور مقصود کا حصول دل کی تطہیر میں ہے تاکہ اس عمل سے گو ہر دل پیدا ہو

اور دل صاف نہیں ہوتا جب تک کہ پاس انفاس نہ کیا جائے۔

فصل دوم پاس انفاس کے ذکر میں۔

ہر سانس جو کہ باہر آتا ہے اور اندر جاتا ہے اس میں مرید کو چاہیئے کہ ذاکر رہے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہر چیز کی صیقل کی جاتی ہے اور دل کی صیقل گری اللہ تعالٰے کا ذکر کرتا ہے اے میرے عزیز! پاس انفاس کی دو قسمیں ہیں پہلی قسم ذکر جلی، اور دوسری قسم ذکر خفی۔ پس مرید کو چاہیئے کہ ابتدائے حال میں پاس انفاس کے وقت ذکر جلی میں مشغول رہے۔ ذکر جلی زبان کا ذکر ہے زبان سے ذکر کرنے سے مداومت رکھے تاکہ حضور حاصل ہو۔ اور اصل حضور یہ ہے کہ سانس کا زمان و مکان (حاصل ہو) زمان سانس کا باہر آنا ہے اور مکان سانس کا اندر آنا ہے۔ چاہیئے کہ سانس کا باہر آنا اور اندر آنا کوئی بھی ذکر الٰہی سے خالی نہ ہو۔ اس وقت ذکر جلی کی کثرت سے ذکر خفی حاصل ہوگا۔ پس سالک کے لئے خدائے بزرگ و برتر کا ذکر وہ ہے کہ ان کے ہر گھنٹہ میں ہزار سانس ہے تمام کے تمام اطاعت میں گزارے اس وقت وہ اللہ تعالیٰ کی راہ کا سالک کہلائے گا۔

اب اے عزیز سن! اطاعت کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) ظاہری اطاعت اور (۲) باطنی اطاعت مرید کے لئے پہلے اطاعت ظاہری ہے کہ پاس انفاس میں صوم و صلوٰۃ کی پابندی کم کھانا۔ کم بولنا کم سونا۔ اور زبان سے ذکر کرنا ہے۔ رہی پاس انفاس میں اطاعت باطنی تو وہ ذکر خفی ہے۔

اس کی ایک گھڑی چوبیس گھنٹے نفس کی حفاظت کرتی ہے یہاں تک کہ تنگئ نفس کی منزل آجائے اور اس میں بھی ذاکر رہنا چاہیئے۔ اور جب معاملہ تنگئ نفس کی حد سے آگے نکل جائے اور بشری طاقت محو ہو جائے تو انفاس باطنی کی تنگی کے باعث ایک ایسی گھڑی آتی ہے کہ اس میں تنگی نفس کو کسی قسم کا خطرہ لاحق نہیں ہوتا۔ اور وہ وساوس سے محفوظ رہتی ہے یہ چوبیس گھڑیاں اور چوبیس ہزار سانسیں جو کہ دن کی محافظ ہیں اسی گھڑی میں آتی ہیں۔

چنانچہ حدیث میں آیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ الدنیا ساعۃ فاجعلھا طاعۃ (دنیا گھڑی بھر کی ہے سو اس کو اطاعت بنالو) اور پاس انفاس میں یہ اطاعتِ باطن ذکر خفی ہے یہ گھڑی بہترین گھڑی ہے۔ اور حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تفکر ساعۃ خیرٌ من عبادۃِ ستین سنۃ (ایک گھڑی کا غور و فکر ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر

اے میرے عزیز! اس ایک گھڑی کے غور و فکر سے مراد پاس انفاس ہے پاس انفاس میں اگر ایک ساعت تفکر کرے تو اس میں بھی ذاکر رہے یہاں تک کہ تنگی نفس کی حد میں داخل ہو جائے اس لئے کہ یہی تصفیہ دل ہے۔ اور دل صاف نہیں ہوتا تا وقتیکہ اس میں ذکر نہ ہو

چاہیئے کہ نفس کو باندھ رکھے اس لئے کہ تنگی نفس کی منزل آگ سے زیادہ دشوار ہے کیونکہ تنگی نفس کی آگ سے دل کے گرد کی چربی پگھلتی ہے اور چربی کے قریب جو پردے ہیں وہ خشک ہو جاتے ہیں اور شیطان تنکے کے مانند خشک ہو جاتا ہے اور پردوں کے پیچھے شیطان کی بیٹھک نشست گاہ ہے۔ اس لئے کہ وہ دل کے سویدا کے اوپر بیٹھا ہوا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا الخناس الذی یوسوس فی الصدور الناس من الجنۃ والناس (شیطان جو کہ لوگوں کے دلوں میں برے خیالات ڈالتا ہے۔ اس لئے چاہیئے کہ شیطان لعین کو دور کرنے کے لئے ہمہ وقت پاس انفاس کے دائمی عمل کے ساتھ ذکر میں مشغول رہے یہ شیطان اور اسکے لشکر اور خواہش نفس کے خلاف جنگ کرنا ہے۔

اے میرے عزیز! سب سے بڑا جہاد وہ ہے جس کا ذکر حدیث شریف میں آیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہم چھوٹے جہاد سے بڑے جہاد کی طرف لوٹ آئے۔ اس سے پاس انفاس مراد ہے جو ذکر خفی کے ساتھ ہو۔

جن سانسوں کا ذکر کیا گیا ہے ان میں سے ایک ساعت سانس کو روکنے اور باندھنے کی صرف کرے یہاں تک کہ تنگی نفس کی حد آ جائے۔ اور اس میں بھی ذاکر رہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ادعوا ربکم تضرعاً و خفیۃً (اپنے پروردگار کو گڑ گڑا کر اور چھپ کر پکارو) جب تنگی نفس کی منزل طے ہو جائے تو اس سے طاقت بشری محو ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد حضرت قدس کے نور کی ایک لکیر بندے کے باطن میں داخل ہوتی ہے۔ اس مقام پر جذب ذات الٰہی حاصل ہوتا ہے نفس دل کی صفت اختیار کر لیتا ہے اور دل میں روح کی صفت پیدا ہو جاتی ہے

اس روح سے مراد دل کا خزانہ ہے اس خزانے میں سات خزانے ہیں اور ہر خزانے میں موتی ہیں۔ نور تجلی ان موتیوں کو جذب کرتا ہے اور ان کو تابندہ کرتا ہے۔ خناس (شیطان) برے خیالات (خطرات) اور تمام مذموم اوصاف دور جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے منقول ہے یا عبدی انا عند ظنک وانا معک اذا دعوتنی ادعوک۔ یعنی اے میرے بندے میں تیرے گمان کے قریب ہوں

حال یہ ہے کہ میں تیرے ساتھ ہوں جب تو مجھے پکارتا ہے میں تجھے آواز دیتا ہوں۔ یعنی بندہ خدا سے بھی خدا ہی کو چاہتا ہے۔

اب اے میرے عزیز! طاعت باطن یہی ہے پس مرید کو چاہیئے کہ اپنے دل کی صفائی (تصفیہ) کے لئے کسی لمحہ حق تعالےٰ کی یاد سے غافل نہ ہو۔ اسی لئے زندگی کے ان سانسوں کو اس فانی جسم میں اہمیت حاصل ہے۔ ہر سانس اپنے ساتھ عمر کا موتی لے جاتا ہے۔ جس کی قیمت دونوں جہان کی خراج ہی ہو سکتا ہے ؎

اس خزانے کو رائیگاں مت دے
جب کہ جاتا ہے تجھ کو خالی ہاتھ

انفاس کی تکمیل فاصکر یاد حق میں آخری سانس تک اسی وقت ممکن ہے جب تک ایمان اس کے ساتھ ہے اور جب کہ ایمان موت کے دروازے سے صحیح سلامت نکل جائے۔ چونکہ شخص کا وجود گزشتہ عمر میں سالہا سال زندگی کے دموں کے ساتھ فانی کی محبت میں گرفتار رہ چکا ہوتا ہے اس لئے فانی کی محبت کو ختم کرنے کے لئے چاہیئے کہ کوئی لمحہ یاد حق سے خالی نہ رہے اور اللہ کی یاد پاس انفاس میں ذاکر رہتا ہے اللہ تعالےٰ نے فرمایا "پس مجھے یاد کرو میں تم کو یاد کروں گا۔" جب بندہ اس حد تک یاد حق میں محو ہو جائے تو خود کو فانی شمار کرتا ہے۔ اور حق تعالےٰ کو باقی۔ کیا خوب ہے وہ باقی کہ فانی کے قالب میں جاگزیں ہوتا ہے۔ جب سالک تنگیٔ نفس کی منزل میں قدم رکھتا ہے تو زبان اول ارادہ ہے۔ ذاکر نفس کی آمد و شد کے ساتھ مداومت اختیار کرتا ہے یہاں تک دل کا دروازہ کھل جاتا ہے۔ اور دل کے دو حصے ہیں ایک بالا دوسرا زیریں۔ نفس کا اخراج بالائی دروازے سے ہوتا ہے اور یہ دروازہ ذکر جلی کے بغیر کشادہ نہیں ہوتا۔

تیسری فصل دل کی شرح کے بارے میں۔

میرے عزیز! دل کی شکل کل نیلوفر کے مانند ہے جس کے دو رخ ہیں اور ہر دو رخ شیطان (خناس) کی فرودگاہیں شیطان نے اس کے گرد مکڑی کی طرح جالا بن رکھا ہے اور پردے چھوڑ رکھے ہیں۔ اور شیطان کی کمین گاہ انہی پردوں کے نیچے ہے۔ اور دل کے بھی پردے ہیں۔

گل نیلوفر کے پردوں کی طرح - انہی پردوں میں خناس رہتا ہے پس اللہ تعالیٰ کی راہ کے سالک کو سانس باہر آنے کے وقت چاہیئے کہ ذکر جلی میں مشغول رہے - ذکرِ جلی کی کثرت سے دل کا بالائی دروازہ کشادہ ہو جاتا ہے - اور دل کا اندرونی حصہ ہر وقت پہلو ہے اور ہر پہلو میں ایک موتی ہے - پہلا موتی ذکر ہے - دوسرا موتی عشق تیسرا موتی محبت، چوتھا موتی راز دسمہ ہے پانچواں موتی روح ہے - چھٹا موتی معرفت ہے اور ساتواں موتی فقر ہے دل کو اسی لحاظ سے گنج کہتے ہیں - اور شیطان اسی خزانے کا پہریدار ہے -

میرے عزیز! دل کا اندرونی حصہ گندہ ہے جو بغیر پاس انفاس کے پاک نہیں ہوتا اور پاس انفاس دو قسم پر ہے ایک ذکر جلی دوم ذکر خفی - دل کا اندر اور باہر بہت ہی آلائشوں سے گندہ ہو چکا ہے - ناپاک غذائیں اور فانی اشیاء کی محبت اسے غلیظ کر دیتی ہے خناس کی شکل اژدہے کی مانند ہے جس کے خرطوم (سونڈ) ہے اور سونڈ کا سرا زہر سے بھرا ہوا ڈنک ہے جس وقت کہ مرید ناپاک کھانا کھاتا ہے خناس مزے لیتا ہے - اپنی نیش دار سونڈ دل کے گرد پھراتا ہے اور زہر خاری کرتا ہے - وساوس، فانی اشیاء کی محبت اور تمام برے اوصاف وہیں سے پیدا ہوتے ہیں - پس میرے عزیز! دل کی صفائی کم کھانے سے حاصل ہوتی ہے اور کم کھانے کی اصل خشک چیز بس کھانا اور پاس انفاس ہے تاکہ خناس کا جسم کمزور ہو جائے اور موٹی چربی پگھل جائے اور جو پردے کہ نچلے حصہ میں ہیں خشک ہو جائیں - اور چاہیئے کہ پاس انفاس میں ذکر جلی کے ساتھ مشغول رہے - اس کے بعد دل کے بالائی حصے کا دروازہ کشادہ ہو جائے گا - پاس انفاس کی دوسری قسم ذکر خفی ہے جو کہ نفس کو باندھتا ہے اور اس میں بھی ذاکر رہنا چاہیئے تاکہ تنگی نفس کا مقام حاصل ہو جائے دل کے پردے کشادہ ہو جائیں اور دل کے اندر کی گندگی ختم ہو جائے اور وہ سات گوشے جو کہ دل کے اندر موتی کی پرورش گاہ ہیں ناپاک غذا اور نفس کی عملداری کے سبب ان کے موتی میلے اور سیاہ ہو جاتے ہیں اور اپنی خوبی کھو بیٹھتے ہیں - سالک ذکر خفی کے ساتھ پاس انفاس کرے اور سانس کو باندھے یہاں تک کہ تنگی نفس کی حرارت سے سات گوشوں کے اندر جمع شدہ میل صاف ہو جائے اور وہ صاف موتی اپنی اپنی صفت بحال کر لیں - فرودینہ (دل کے اندرونی حصے) میں سخت تنگی ہے اور فرودینہ کے پردوں

میں سوئی کے ناکے جیسا باریک سوراخ ہے نفس کو اس حد تک تنگ کرنا چاہیئے کہ وہ اس سوراخ کے راستے باہر نکل آئے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

حتیٰ یلج الجمل فی سم الخیاط (یہاں تک کہ اونٹ سوئی کے ناکے میں داخل ہو جائے) فرد دینہ کا یہ سوراخ امتداد زمانہ سے بند ہو گیا ہے۔ وہ نہیں کھلے گا۔ نہیں کھلے گا، نہیں کھلے گا۔ تاوقتیکہ تزکیہ اور تصفیہ اور تجلیہ نہ کیا جائے گا۔ میرے عزیز! یہ عمر تین درجوں کے حصول کے لئے ہے شریعت، طریقت، حقیقت، حصول شریعت کی کنجی تزکیۂ نفس میں ہے جو کم کھانے اور کثرت نوافل میں خصوصاً ہنگام شب، سے حاصل ہوتا ہے۔ اور حصول طریقت کی کنجی تصفیہ دل میں ہے جو روزہ اور ذکر جلی کے ساتھ پاس انفاس سے حاصل ہوتا ہے اور حصول حقیقت کی کنجی تجلیہ روح میں ہے جو ذکر خفی کے ساتھ پاس انفاس میں گذارنے سے حاصل ہوتا ہے اس کے بعد فرد دینہ دل کا دروازہ کھل جاتا ہے اور تجلیہ کا مقام حاصل ہو جاتا ہے اللہ تعالیٰ کا یہ قول کہ میں اس شخص کا ہم نشین ہوں جو مجھے یاد کرتا ہے۔ اسی مقام کے لئے مناسب آتا ہے اللہ تعالیٰ بندہ کے نزدیک۔ اس کے وصف کی وجہ سے ہوتا ہے اور وصف کا مطلب یہ ہے کہ وہ سات موتی جو خزانے کے اندر ہیں روشن ہو جاتے ہیں۔ پہلے ذکر کا وصف ظاہر ہوتا ہے۔ گو ہر ذکر کے وجود کا وصف یہ ہے کہ خدا کو موجود میں یکتا سمجھے۔

یا عبدی انا عند ظنک وانا معک اذا دعوتنی ذکرا کثیرا (اے میرے بندے میں تیرے ظن کے قریب ہوں اور میں تیرے ساتھ ہوتا ہوں جب تو مجھے بہت بہت پکارتا ہے) اسی مقام پر حاصل ہوتا ہے۔

جو چیز محبوب ہوتی ہے اس کا ذکر کثرت سے کیا جاتا ہے، اس حال میں بھی ذاکر رہنا چاہیئے یا ایھا الذین آمنوا اذکروا اللہ ذکرا کثیرا۔ (اے وہ لوگ کہ ایمان لائے اللہ کو بہت بہت یاد کرو)

باش اے ذاکر مدام از تفرقہ دور — ہاں نشوی بذکر ظاہر مغرور
نفس و دل و روح تا نگردد یکے — واحد نشود ذاکر و ذکر و مذکور

(اے ذاکر تفرقہ سے دور رہ۔ اور ذکر ظاہری پھر سے مغرور نہ ہو۔ جب تک نفس دل اور روح ایک نہ ہو جائیں ذاکر، ذکر اور مذکور ایک نہیں ہو سکتے۔)

اس کے بعد گوہر عشق کا وصف ظاہر ہوتا ہے۔ اور گوہر عشق کا وصف یہ ہے کہ شوق واشتیاق دردوغم اور جوانی آقا کی طلب میں ونقف ہوں۔ اس کے بعد گوہر محبت کا وصف ظاہر ہوتا ہے گوہر محبت کا وصف یہ ہے کہ دل یکسو ہو کر ہر حال میں اس کی رضاجوئی کرے اور خدائے عزو وجل بھی بندہ سے راضی ہو۔ اس کے بعد گوہر سر کا وصف ظاہر ہوتا ہے اور گوہر سر کا وصف یہ ہے کہ واردات و عطیات الٰہی سے بندہ کو آگاہ کرے اس کے بعد گوہر روح کا وصف ظاہر ہوتا ہے۔ اور گوہر روح کا وصف یہ ہے کہ جن لمحات کا ذکر کیا گیا ہے ان میں سے کوئی لمحہ حق تعالیٰ کی اطاعت و فرمانبرداری سے خالی نہ ہو۔ اسکے بعد گوہر معرفت کا وصف ظاہر ہوتا ہے گوہر معرفت کا وصف یہ ہے کہ جو کچھ دیکھے حق دیکھے جو کچھ سنے حق سنے جو کچھ کہے حق کہے اور جو کچھ چلے حق چلے۔ اس کے بعد گوہر فقر کا وصف پیدا ہوتا ہے اور گوہر فقر کا وصف یہ ہے کہ جملہ اشیاء سے بے نیاز ہو جائے۔

فصل چہارم۔ اظہار وحدانیت اور حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش کے بارے میں۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کنت کنزاً مخفیاً فاحببت ان اعرف فخلقت الخلق لاعرف میں ایک چھپا ہوا خزانہ تھا۔ پس میں نے چاہا کہ جانا جاؤں اس لئے میں نے خلق کو پیدا کیا۔ اور یہ خزانہ دل ہے۔ القلب بیت الرب (دل پروردگار کا گھر ہے) اسی موقع کے لئے کہا گیا ہے۔ دل خدائے تعالیٰ کا حرم خاص ہے۔ اور حرم خاص دل کی اصل صورت ہے اور دل کی اصل صورت گوشت کا ٹکڑا نہیں ہے بلکہ دل کی اصل صورت موتی ہے۔ اور دل کے موتی کی اصل نور ہے اور یہ نور اللہ تعالیٰ کے نور کا ایک حصہ ہے۔ چنانچہ حدیث میں آیا ہے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اللہ کے نور سے ہوں اور تمام مومن میرے نور سے ہیں۔ ارشاد باری ہے اللہ نور السموات والارض (اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے) یعنی انہیں منور کرنے والا ہے زمین و آسمان کو روشن کرنے والا۔ یعنی اہل زمین و آسمان کو راہ دکھانے والا اور ان کے باطن کا رہبر اگر خدائے تعالیٰ کو نور کہیں تو عرض کا وصف لازم آتا ہے اور یہ جائز نہیں اس لئے کہ وہ عرض جسم یا جوہر نہیں ہے اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمینوں کا روشن کرنے والا ہے۔ اے میرے عزیز! اس سے مراد روشنی ہے سنو کہ کس طرح اس نے روشن کیا ہے۔ اللہ جل شانہ

خلق کو پیدا کرنے سے پہلے واحد اور احد اور فرد اور صمد اور حی اور قیوم تھا اور ہے۔
مشیت مقتضی ہوئی کہ اپنی واحدیت کو آشکارا کرے۔ اول روح محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نور پیدا کیا۔ پیچھے دل کے نور کو پیدا کیا۔ اور یہ نورِ دل نورِ خدا ہے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (میں اللہ کے نور سے ہوں اور مومنین میرے نور سے ہیں) مطلب یہ ہوگا میں اللہ کے نور سے ہوں اور مومن میرے نور سے۔ اس نورِ دل کی پیدائش طول میں تین لاکھ اسی ہزار سال اور عرض میں تین لاکھ اسی ہزار سال کو محیط ہے۔ اللہ تعالیٰ سے روایت ہے لا یسعنی ارضی ولا سمائی ولکن یسعنی قلب عبدی المومن (میں نہ زمین میں سما سکتا ہوں نہ آسمان میں البتہ بندۂ مومن کا دل میرے سمانے کے لئے کافی ہے) اس سے مقصود نورِ دل کی وسعت بتانا ہے چنانچہ حق تعالیٰ فرماتے ہیں میری قدرت کی فراخی کو نہ میری زمین پہنچ سکتی ہے نہ میرا آسمان البتہ بندہ مومن کا دل فراخی میں میری قدرت کے برابر ہے۔ اور وہ نورِ دل ہے اللہ جل شانہ نے اس نورِ دل کو نو سو ہزار سال (۹ لاکھ) اپنے قبضۂ قدرت میں رکھ کر پرورش کیا۔ اور یہ کلمہ محبت اس کے کان میں پھونکا۔ اے میرے بندے تو میرا عاشق تو میری محبت ہے اور میں تیرے لئے عشق، تیرے لئے محبت ہوں۔ مراد یہ کہ اے میرے بندے تو میرا عاشق ہے تو میرا محب ہے اور میں بھی تیرا عاشق ہوں، تیرا محب ہوں۔ اور ان نو سو ہزار سالوں میں نظر کرم اور انوار جمال کا کشف پر توانگن رہا۔ اس کے بعد نو سو ہزار سال قبضۂ قدرت سے جدا رکھا۔ نورِ دل نے التجا کی میرے معبود میرے آقا غلام کو فراق کی طاقت نہیں اتنے ہزار سال تو نے عشق و محبت سے پرورش کیا۔ اب میں جدا نہیں رہ سکتا۔ فرمان خداوندی صادر ہوا اے میرے بندے تجھے خدا کی مرضی میں کوئی دخل نہیں۔ ہم نے تم کو اپنی وحدانیت کے اظہار کے لئے پیدا کیا ہے اس کے بعد نورِ دل نو سو ہزار سال مزید دردِ جدائی کا مارا عالم تحیر میں ڈوبا رہا۔ اس کے بعد دردِ جدائی سے اور رحمت خداوندی سے آنکھ نے اتنا پانی برسایا کہ دریا بہہ نکلا۔ اس کو بحرِ حیوان کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جل شانہ نے قہر کا تازیانہ نورِ دل کو مارا قہر کے غلبہ سے ہوا اور آگ پیدا ہوئی۔ اور قہر کے تازیانہ کی سختی سے دو آتشیں نور نکلے۔ ایک نورِ

عزازیل۔ دوم نور گندم۔ اس کے بعد یہ نور دل نوسو ہزار سال چرخ کی مانند چکر کاٹتا رہا۔
اور نور دل کے اجزا ذروں میں تبدیل ہو گئے۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے نور دل کے اجزاء کو تین قسم میں بانٹ دیا۔ پہلی قسم سے سر پیدا کئے دوسری قسم سے جانیں پیدا کیں اور تیسری قسم سے نور پیدا کئے۔ اس کے بعد نور دل کو منکسر بنا دیا۔ انا عند منکسرۃ القلوب لاجلی حضرت جل شانہ فرماتے ہیں میں ٹوٹے ہوئے دلوں کے قریب ہوں۔ اس کے بعد حق تعالیٰ گوہر دل کے نور کے بقیہ اجزا کو نوسو ہزار سال مزید نظر حکمت کے ساتھ پرورش کیا۔ اس کے بعد گوہر دل کے نور کے بقیہ اجزا سے یہ دس گوہر پیدا کئے۔

اول زمینوں اور آسمانوں کا گوہر دوم گوہر عرش۔ سوم گوہر کرسی، چہارم گوہر لوح پنجم گوہر قلم۔ ششم گوہر بیت المعمور۔ ہفتم گوہر بہشت۔ ہشتم گوہر دوزخ نہم گوہر شمس۔ دہم گوہر قمر پیدا کیا۔

حق تعالیٰ نے یہ دس گوہر دل کے گوہر سے پیدا کئے ہیں چنانچہ حدیث ہیں
قلب المومن اکبر من العرش واوسع من الکرسی۔ مومن کا دل عرش سے بڑا ہے کرسی سے کشادہ اس گوہر دل کو دو لحاظ سے بڑا کہتے ہیں۔

ایک یہ کہ یہ دس گوہر گوہر دل کا نتیجہ ہیں۔ دوسرے یہ کہ اللہ تعالیٰ نے ان دس گوہر کو دل بنا دیا۔ اس گنج میں سات گنج ہیں اور ہر گنج میں گوہر رکھے ہیں۔ اول گوہر عشق دوم گوہر محبت، سوم گوہر سر، چہارم گوہر روح۔ پنجم گوہر معرفت ششم گوہر فقر ہفتم گوہر ذکر ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اس گنج دل کو کئی ہزار سال عالم غیب میں پوشیدہ رکھا تاکہ آدم علیہ السلام کی مٹی کو جمع کرے اور خمیر بنائے۔ چنانچہ حدیث میں آیا ہے۔ خمرت طینۃ آدم بیدی اربعین صباحاً۔ اللہ تعالیٰ نے آدم کی مٹی کو اپنے دست قدرت سے چالیس صبح تک خمیر کیا اسکے بعد سینے اور پیٹ کے ساتھ قالب کو ترتیب دیا۔ اور اس گنج کو طاق سینہ میں رکھا اور تمام اسماء اس کو بتا دیئے۔ وعلم آدم الاسماء کلھا۔